## عمارت کی حفاظت کے لیے رہائشیوں کی شمولیت پرمبنی حکمت عملی سے متعلقہ

## مجوزہ پس منظر کےضمن میں معلومات

اس دستاویز میں فراہم کردہ پس منظر کی معلومات نے عمارت کی حفاظت کے لیے شہر بھر میں رہائشیوں کی شمولیت کی حکمت عملی کے لیے مجوزہ عزائم کےضمن میں مدد کی ہے۔ مجوزہ حکمت عملی کےمتعلقہ عزائم صرف ان رہائشیوں سے متعلق ہیں جو کونسل کی ملکیت اور زیر انتظام بلند و بالا رہائشی عمارتوں میں رہتے ہیں جو 18 میٹر سے زیادہ اونچی یا سات یا اس سے زیادہ منزلوں پرمبنی ہیں۔

### کونسل کے اونچے گھروں میں کون رہتا ہے؟

- برسٹل بھر میں، ہم 56 اونچی رہائشی عمارتوں کے انتظام اور دیکھ بھال کے ذمہ دار ہیں، جن میں 4,406 مکانات ہیں۔
- بلند و بالا رہائشی عمارتیں مختلف کمیونٹیز کے رہائشیوں پرمشتمل ہیں اور مختلف قسم کی تعمیرات پر مبنی ہیں۔
- رہائشیوں کی ایک متنوع رینج یعنی حدپرمبنی تعداد ان گھروں میں رہتی ہیں، جن میں سنگل افراد یا جوڑے سے لے کر بچوں والے خاندان تک شامل ہیں۔
- ان میں سے پانچ عمارتیں بوڑھے لوگوں کے لیے معاون رہائش فراہم کرتی ہیں۔
- 2024 میں، بلند و بالا گھروں میں رہنے والے تقریباً 176 رہائشی لیز ہولڈر تھے۔
- 2024 میں، بلند و بالا رہائشی عمارتوں میں رہنے والے رہائشیوں کی آبادیاتی پروفائل کا خلاصہ ذیل میں دیا گیا ہے:

### عمر کےحساب سے پروفائل

- 1.9% رہائشیوں کی عمریں 16-24 کے درمیان ہیں۔
- 30% رہائشیوں کی عمریں 25-44 کے درمیان ہیں۔
- 41.5% رہائشیوں کی عمریں 45-64 کے درمیان ہیں۔
- 15.1% رہائشیوں کی عمریں 65-74 کے درمیان ہیں۔
- 11.0% رہائشیوں کی عمریں 75+ کے درمیان ہیں۔
- 0.48% رہائشیوں کی عمریں نامعلوم ہیں۔

### جنس

- 48.9% رہائشی خواتین ہیں۔
- 49.9% رہائشی مرد ہیں۔

**نسلی پسِ منظر**

- 50.0% رہائشی سفید فام برطانوی ہیں۔
- 39.1% رہائشی سیاہ فام، ایشیائی یا دیگر اقلیتی نسلی پس منظر سے تعلق رکھتے ہیں۔
- 5.6% رہائشی سفید فام ہیں۔
- 5.2% باشندوں کا نسلی پسِ منظر نامعلوم ہے۔

**معذوری۔**

- اونچی عمارتوں میں رہنے والے 35.4% رہائشیوں نے ہمیں بتایا ہے کہ وہ معذور ہیں۔

معذوری یا خرابی کی قسم ذیل میں فراہم کی گئی ہے:

- 2.4% سماعت کی خرابی۔
- 3.5% سیکھنے کی معذوری۔
- 16.3% طویل مدتی بیماری
- 15.7% ذہنی پریشانی
- 13.0% نقل و حرکت کی خرابی۔
- 1.7% بصری خرابی۔
- 0.7% وہیل چیئر
- 7.2% دیگر معذوری۔

**رہائشیوں کی آواز - آپ نے ہمیں اپنے گھروں کی حفاظت کے بارے میں جوکچھ بتایا ہے۔**

**رہائشیوں کا اطمینان**

اپریل 2023 سے مارچ 2024 کے دوران، 2,000 سے زیادہ رہائشیوں نے ہمارے رہائشی اطمینان کے سروے میں حصہ لیا۔ 73% جواب دہندگان جو بلند و بالا رہائشی عمارتوں میں رہتے ہیں نے کہا کہ وہ مطمئن ہیں کہ برسٹل سٹی کونسل ایک ایسا گھر فراہم کرتی ہے جو محفوظ ہے، شہر بھر کے 74% رہائشیوں کے مقابلے میں۔

**سبق جو سیکھے گئے**

نومبر 2023 میں، کونسل نے بارٹن ہاؤس کو ہنگامی طور پر خالی کرایا۔ رہائشیوں کو عارضی رہائش میں منتقل کر دیا گیا تاکہ ساختی عمارت کی ساخت کے سروے کیے جا سکیں۔ بارٹن ہاؤس کے رہائشیوں کے لیے یہ ایک تکلیف دہ وقت تھا جو حفاظتی کام مکمل ہونے کے بعد اپنی عمارت میں واپس آئے تھے اورجب کونسل نے اس بات کی تصدیق کی تھی کہ عمارت محفوظ ہے، ہم بارٹن ہاؤس کے رہائشیوں کے ساتھ مستقل بنیادوں پر شامل رہےہیں  اور رہائشیوں کی طرف سے جو مشورے دیئےگئے تھے ہم نے ان پرعمل کیاہے۔

بارٹن ہاؤس اور رہائشیوں کے تاثرات سے اہم سبق یہ ہے کہ کونسل والے:

- پہلے رہائشیوں کے ساتھ بات چیت کریں۔
- اسٹیک ہولڈرز اور مقامی کمیونٹی کے نمائندوں کو جلد بورڈ میں لائیں۔
- شفاف طریقے سے معلومات فراہم کریں تاکہ رہائشی، عملہ اور دیگر اسٹیک ہولڈرز سمجھ سکیں کہ کیا ہو رہا ہے، کیوں اور کب ہو رہا ہے۔

**عمارت کی حفاظت کےمتعلقہ  سوالنامہ**

فروری اور مارچ 2024 کے دوران، ہم نے بلند و بالا رہائشی عمارتوں میں رہنے والے رہائشیوں کو ٹیلی فون کیا اور ان سے عمارت کی حفاظت کا سوالنامہ مکمل کرنے کو کہاتھا۔

ہم نے رہائشیوں سے پوچھاکہ:

- وہ اپنی عمارت کی حفاظت کے بارے میں کیسا محسوس کرتے تھے۔
- کس چیز کے بارے میں وہ مزید جاننا چاہتے تھے۔
- عمارت کی حفاظت کے بارے میں وہ کس طرح چاہیں گے کہ ان سے بات چیت کی جائے۔

مجموعی طور پر 817 رہائشیوں نے سروے میں جواب دیا۔

**سروے سے ہم نے سیکھا کہ:**

- 81% جواب دہندگان نے کہا کہ وہ جانتے ہیں کہ عمارت یا آگ کی حفاظت کے بارے میں مسائل کی اطلاع کیسے دی جائے، اگر وہ اپنے گھر میں غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں،  19% کو اس چیزکاعلم نہیں ہے۔
- 85% جواب دہندگان نے کہا کہ اگر ان کے گھر میں آگ لگ جاتی ہے تو وہ اپنا گھر چھوڑ کر گراؤنڈ فلور تک بغیر کسی امداد کے سیڑھیاں اتر سکیں گے۔
- 69% رہائشیوں نے کہا کہ وہ جانتے ہیں کہ ان کی عمارت میں کیا کام ہو رہے ہیں تاکہ انہیں محفوظ بنایا جا سکے۔

- برسٹل سٹی کونسل کی کاروائیوں سے متعلق عمارت کی دیکھ بھال کا اکثر ذکر کیا گیا تبصرہ تھا (10% جواب دہندگان)۔ 7٪ نے دھواں اور آگ کا ذکر کیا۔
- رابطے کا سب سے پسندیدہ طریقہ خط کے ذریعے تھا، اس کے بعد ای میل اور پھر ٹیکسٹ میسج تھا۔ 14% جواب دہندگان کے بڑی پرنٹ اور متبادل زبانوں میں معلومات کی فراہم پرمبنی اضافی تقاضے ہیں۔ عربی، صومالی، پولش سب سے اوپرکی 5 زبانوں میں ترجمہ کی فراہمی کی درخواست کی گئی تھی۔
- رہائشیوں نے آگ کی حفاظت (77%) اور بجلی سے  حفاظت (62%) کے بارے میں سب سے زیادہ باخبر محسوس کیا اور ایسبیسٹوس (35%) اور پانی سےمتعلقہ  حفاظت (29%) کے بارے میں کم آگاہی کامظاہرہ کیا گیاتھا۔
- تقریباً 50% رہائشیوں نے کہا کہ وہ اپنے گھر اور عمارت کے اندر حفاظت کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہیں گے۔
- 10 میں سے 8 رہائشیوں نے کہا کہ وہ تحریری طور پر مختلف حفاظتی پہلوؤں کے بارے میں معلومات حاصل کرنا چاہیں گے۔ تمام رہائشیوں میں سے نصف بذریعہ خط (50%) اور مزید 30% ای میل کے ذریعے رابطےکےعمل کو ترجیح دیں گے۔
- 35% نے کہا کہ وہ اونچی عمارتوں میں حفاظتی اقدامات کے بارے میں شہر بھر میں ہونے والے اجلاسوں میں شرکت کرنا چاہیں گے۔
- 27% رہائشی چاہتے ہیں کہ مقامی فائر سروس والے ہوم فائر سیفٹی کےضمن میں ان کےگھروں کادورہ کریں۔
- جواب دینے والے 35% رہائشی معذور تھے۔

جب ان کے گھروں کی حفاظت میں ممکنہ بہتری کے بارے میں پوچھا گیا تو 678 رہائشیوں نے تبصرے چھوڑے۔ رہائشیوں کے تبصرے ہمیں مخصوص عمارتوں کے اندر مسائل کو سمجھنے میں مدد کرنے اور یہ بھی کہ رہائشی اپنے گھروں کے بارے میں کیسا محسوس کرتے ہیں کےضمن میں مدد فراہم کرتے ہیں۔ خاص طور پر، رہائشیوں نے مزید ٹارگٹڈ یعنی ہدفی دیکھ بھال کی ضرورت پر روشنی ڈالی اور کونسل سے خواہش کی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ جہاں ضرورت ہو وہاں دھوئیں اور آگ کے الارم موجود ہوں۔ رہائشی یہ بھی چاہتے ہیں کہ حفاظت سےمتعلقہ زیادہ اقدامات نظرآنےچاہئیں تاکہ وہ اپنے گھر میں محفوظ محسوس کر سکیں۔

**آپ کی ضروریات کےضمن میں کام کرنا**

ان تمام رہائشیوں کا شکریہ جنہوں نے ہماری عمارت کی حفاظت کے سوالنامے میں حصہ لیا۔

مجموعی طور پر، فیڈ بیک یعنی آراء پر مبنی سوالنامے کے نتائج سے یہ ظاہر ہوا ہے کہ زیادہ تر رہائشی خود کو محفوظ محسوس کرتے ہیں اور بلند و بالا بلاکس میں رہنے سے منسلک مسائل سے آگاہ ہیں، تاہم حفاظتی مسائل پر زیادہ توجہ، بہتر معلومات کے ساتھ رہائشیوں کو یقین دہانی کرنے میں مدد ملے گی اور وہ اپنے گھر کی حفاظت اور مسائل پیدا ہونے کی صورت میں مزید تیارحالت میں ہوں گے۔

آپ کے مسلسل تاثرات اور سیکھے گئے اسباق نے حکمت عملی کے لیے مجوزہ عزائم اور ترجیحات کا ایک مجموعہ تیار کرنے میں ہماری مدد کی ہے۔ اب ہم رہائشیوں سے مشورہ کر رہے ہیں کہ ان کےضمن میں مزید کھوج لگانے کےلیے اور اس چیز کویقینی بنانے کی خاطر کہ ہم رہائشیوں کی مخصوص ضروریات کو مزید تفصیل سے سمجھتے ہیں۔

اس دوران، 2024-25 کے دوران ہم نے رہائشیوں کو مزید معلومات فراہم کرنے کے لیے اپنا کام جاری رکھا ہے تاکہ ان کی عمارت میں کسی بھی خطرے کے بارے میں آگاہی کو بہتر بنایا جا سکے اور اگر عمارت میں حفاظتی مسائل پیدا ہوں تو اس کی اطلاع کیسے دیں۔ اس میں درج ذیل شامل ہیں:

- فائر سیفٹی فیکٹ شیٹ یعنی آگ سے بچاؤ کےاقدامات پرمبنی حقائق نامہ تیار کرنا۔
- ترجیحی عمارتوں میں رہائشیوں کے ساتھ مقامی طورپرشمولیت۔
- عمارت کی حفاظت کے خدشات کی اطلاع دینے کے لیے رابطے کی واضح تفصیلات فراہم کرنا۔
- کونسل کی ویب سائٹ پر ہر بلند و بالا بلاک کے لیے مخصوص ویب پیجز بنانا۔
- رہائشیوں کو حفاظتی معائنہ کےمتعلقہ دوروں کے بارے میں یاد دلانے کے لیے ٹیکسٹ پیغامات کا بہتر استعمال کرنا۔

عمارت کی حفاظت سے متعلق رہائشیوں کی شمولیت کی تجاویز پر ہمیں اپنے خیالات دینے کے لیے براہ کرم مشاورتی دستاویز پر واپس جائیں۔